© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات انکی

ساغر اقبالی

* الطاف جھوٹوں کا بادشاہ ہے۔ (خالد کھرل)
ذرا کراچی جا کر کہئیے۔ اگلے کھرل نہ کردیں تو........
* بنیاد پرست ہوں مگر عورت کے دفاتر میں کام کرنے کے خلاف نہیں۔ (عمران)
"مسلمان ہوں مگر ذہنی عیاشی کے خلاف نہیں۔"
* زرداری اور بے نظیر کی جناتی بابا سے ایک گھنٹہ تک تنہائی میں الگ الگ ملاقاتیں۔ (ایک خبر)
دنیا میں جب تک بے وقوف موجود ہیں۔ کوئی بھوکا نہیں مرسکتا۔
* "خلفائے راشدین" کے الفاظ حذف کئے جائیں۔ ورنہ ملی یکجہتی کونسل کا بائیکاٹ کریں گے۔ (غلام رضا نقوی)
"وحدت اسلامی" کے ٹھیکیدار توجہ فرمائیں!
* کراچی سے گئے سوال پر لغاری مسکرا کر آگے بڑھ گئے۔ (ایک خبر)
روزانہ تیس چالیس افراد کا قتل اور حاکم وقت کی مسکراہٹ! ظلم کی حد ہے!
* لاہور میں خواتین کا پہلا تھانہ قائم کردیا گیا۔ (ایک خبر)
ہائے لڑیں مرجاں۔ تبلیبی دا پھاہ لے کے!
* چٹھہ کو کبھی نہیں کہا کہ ہمیں ووٹ نہیں چاہیئے۔ (بے نظیر)
چٹھو سے کبھی نہیں کہا کہ ہمیں وٹہ نہیں چاہیئے۔
* عربی ہم پر مسلط کی گئی۔ (عبدالرشید بھٹی۔ ایم پی اے)
واہ! واہ! راجے کے پُوت۔ تیرے منہ میں موت!
* پنجابی اذان اور نماز۔ رشید بھٹی نے معافی مانگ لی۔ (ایک خبر)
لادین لوگ اتنے بزدل کیوں ہوتے ہیں؟
* میں نے ہمیشہ ضمیر کی آواز پر پارٹی تبدیل کی۔ (منظور موہل)
ایسے لوگوں کا ضمیر بریف کیس میں ہوتا ہے۔
* امتحان پاس کرنے کے باوجود ایم ایس سی گولڈ میڈلسٹ لڑکی کو لیکچرر شپ کے لئے کمیشن نے نا اہل قرار دے دیا۔ (ایک خبر)

ہر شاخ پہ اُلو بیٹھا ہے
انجام گلستاں کیا ہوگا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


* صدر نے ایوارڈ دیتے وقت مجھ سے آزادیٔ صحافت کا وعدہ کیا تھا۔ تمغہ واپس کر کے انہیں وعدہ یاد دلایا ہے۔ (ضمیر نیازی)

مرتا ہے مرد آن پر نامرد نان پر

* سردار آصف علی۔ بریگیڈیئر اصغر۔ انور سیف اللہ، تین وزراء نے چٹھے کو استعفے دے دیئے۔ ہمیں بے اختیار وزارتیں دی گئی ہیں۔ اختیارات وزیراعظم کے پاس ہیں۔ (ایک خبر)

اس نے ماں کو کچھ نہیں دیا۔ تم کس باغ کی مولی ہو؟

* شام کے اخبارات دہشت گردوں کو ہیرو بنا کر پیش کر رہے تھے۔ (وزیر داخلہ نصیر اللہ بابر)

اور صبح کے اخبار بابر کو ہیرو بنا کر پیش کر رہے ہیں۔

* پنجاب میں پیپلز پارٹی اور جونیجو لیگ کا عشق جلد ختم ہو جائے گا۔ (خواجہ آصف)

عشق نہیں، متعہ کہیئے متعہ!

* صدر سردار ہیں۔ ان کے کئی کردار ہیں۔ (پگارا)

زمین پہ بار ہیں۔ اللہ کی مار ہیں۔

* پیپلز پارٹی کے بغیر میرا دل نہیں لگتا۔ (منظور موہل)

روندی یاراں نوں لے لے ناں بھراواں دا!

* حساس ریسرچ لیبارٹری کی وڈیو فلم آؤٹ، خاتون سائنسدان گرفتار۔ ملک کی حساس معلومات دشمن ملک پہنچتے پہنچتے رہ گئیں۔ (ایک خبر)

اور قومی راز دشمن ملک تک پہنچانے کا باقاعدہ اعتراف کرنے والے ملک کے حاکم! واہ رے اندھے قانون!

* لغاری، نصراللہ، چٹھہ، مزاری، کھرل، کھر، فضل الرحمٰن سمیت ارکان اسمبلی کی بڑی تعداد انکم ٹیکس ادا نہیں کر رہی۔ (ایک خبر)

وہ جونکہ چنانچہ کی پہچان ہیں۔ گنہگار راتوں کا دیوان ہیں۔

* پی ٹی وی پر فحش پروگرام نہیں چلتے۔ (خالد کھرل)

نشے میں کچھ ایسے ہی نظر آتا ہے۔ مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتا ہے۔

* فوج کی کیا ضرورت ہے۔ کراچی میں پارلیمانی قوتیں ہی کافی ہیں۔ (نصیر اللہ بابر)

محفل موسیقی۔ زنا اور شراب کی غلاظت میں دھت پارلیمانی قوتیں؟

* رحمت مسیح اور سلامت مسیح کے تیسری بار وارنٹ گرفتاری (ایک خبر)

صرف لوگوں کو بے وقوف بنانے کے لئے!

* بے نظیر کی جمہوریت نصر اللہ کو راس آئی۔ اور فضل الرحمن کو بے نظیر کی صورت میں شریعت ملی۔ (میاں طفیل محمد)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک ہے مرغی ایک ہے بچوزہ ایک اچھبا ایک عجوزہ
کچے پکے راگ ہیں دونوں کالے کالے ناگ ہیں دونوں

* رسول اللہ ﷺ کے بعد مولانا مودودی نے صحیح اسلام پیش کیا۔ (میاں طفیل محمد)

بک رہے ہیں جنوں میں کیا کیا کچھ

* ایوان محترم مقام ہے۔ (منظور موہل)

جہاں زانی شرابی لٹیرے لفنگے اکٹھے ہوتے ہیں۔

* صدر نے وفاقی پبلک سروس کمیشن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ۲۰۰ افراد کی بھرتی کا حکم دے دیا۔ انہوں نے یہ حکم وزیراعظم کے کہنے پر جاری کیا۔ (ایک خبر)

تہجد گزار صدر کی غیر جانبداری ملاحظہ فرمائیے!

* ملتان میں "شازیہ خشک" (اللہ اس کی کوکھ خشک کرے!) پروگرام درہم برہم۔ اسلامی جمیعت طلبہ اور شباب ملی کے کارکنوں نے ہوائی فائرنگ کردی۔ (ایک خبر)

بے حیائی کا پروگرام درہم برہم کرنے والے نوجوان زندہ باد!
اور بے حیائی کے سرپرست لفنگوں پر تبریٰ بے شمار بکار ثواب!

* کراچی میں مرنے والوں کو کس نے کہا تھا۔ سڑکوں پر نکلیں۔ (وزیر داخلہ)

"لوگوں کو پتہ ہونا چاہیئے، ہم گولی چلا رہے ہیں۔"

* مسئلہ کشمیر حل ہونے کے بعد ایٹمی ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنا آسان ہوجائے گا۔ (ملیحہ لودھی)

نہ نومن تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔

* وزیراعظم اور ان کے شوہر پورا ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ تنخواہ بھی نہیں لیتے (میاں اقبال فرید ممبر سی بی آر)

عوام ناشکرے ہیں، اس سے زیادہ نیک حاکم انہیں کہاں سے ملیں گے!

* مجھے تکلیف ہرنیا کی ہے۔ دکھایا آنکھوں کے ڈاکٹر کو جارہا ہے۔ (شیخ رشید)

اسے کہتے ہیں۔ "ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ!"

* ملک کے خفیہ راز "را" اور "موساد" کو فراہم کرنے والا قادیانی کمپیوٹر ایکسپرٹ گرفتار۔ (ایک خبر)

سچ کہا اقبال نے......
قادیانی قوم اور ملک دونوں کے غدار!

* دہلی میں چتاؤں پر چڑھائے جانے والے پھل بازار میں فروخت ہو رہے ہیں۔ (ایک خبر)

ملتان میں گدی نشینوں کی نذر کئے جانے والے دُنبے، بکرے، مرغیاں، بکر منڈی میں فروخت ہو رہے ہیں۔

© rasailojaraid.com